انگریزی تعلیم کو حرام قرار دیکر مسلمانوں کو ترقی سے باز رکھنے کی کوشش کی تھی۔ ڈاکٹر صاحب نے ان تمام الزامات کے نہایت مسکت جواب دیئے ہیں اور بتایا ہے کہ اس دورِ انحطاط میں بھی مسلمانوں نے اپنی گلو خلاصی کے لئے کیا کچھ نہیں کیا اور کس طرح ان کی کوششوں کو کچل کر رکھدیا گیا۔ اس میں شبہ نہیں کہ بحیثیت مجموعی یہ مجموعۂ مقالات نہایت مفید، عبرت انگیز و سبق آموز ہے۔

جنگ اور اغذیہ | از ڈاکٹر انور اقبال صاحب قریشی تقطیع خورد ضخامت ۸۰ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۱۵؍ پتہ:۔ ادارۂ ادب جدید۔ شاہراہِ عثمانی حیدرآباد دکن

ڈاکٹر انور اقبال قریشی جامعۂ عثمانیہ حیدرآباد دکن میں شعبۂ معاشیات کے صدر ہیں۔ موصوف کے جو انگریزی مقالات ہماری نظر سے گذرے ہیں ان سے ان کی مہارتِ فن کا ثبوت ملتا ہے۔ اس مختصر سے رسالہ میں آپ نے اس سے بحث کی ہے کہ جنگ کے زمانہ میں غذاؤں کا کیا انتظام ہونا چاہئے۔ اس سلسلہ میں ہندوستان میں گیہوں اور چاول وغیرہ کی پیداوار کا ذکر کرکے موجودہ غذائی ابتری کے اسباب سے بحث کی ہے اور حکومت نے قیمتوں کی نگرانی اور تقسیم اغذیہ کی جو پالیسی اختیار کر رکھی ہے اس پر فاضلانہ تبصرہ کرکے اس پالیسی کی مذمت کی ہے اور اس کی ناکامی کے اسباب کو بالوضاحت بیان کرنے کے بعد اس سلسلہ میں خود اپنی طرف سے بعض مفید مشورے پیش کئے ہیں۔

مذہب و تمدن | از مولانا سید ابوالحسن علی صاحب ندوی تقطیع خورد ضخامت ۱۱۱ صفحات کتابت و طباعت بہتر۔ قیمت عہ پتہ:۔ مکتبۂ جامعہ دہلی۔

یہ ایک مقالہ ہے جو لائق مولف نے دو سال ہوئے جامعہ ملیہ میں پڑھا تھا۔ اس میں پہلے مذہب، فلسفہ اور تمدن کے مشترک سوالات کی تنقیح کرکے وسائل جواب یعنی حواس، عقل اور فلسفہ پر تنقید کی ہے اور ان تین چیزوں کی بنیاد پر جو تمدن قائم ہوئے ہیں ان کی رکاکت و سخافت ظاہر کی ہے۔ اس کے بعد مذہب، وحی اور انبیاء کرام کی تعلیمات کا تذکرہ اور اسلامی تمدن و زندگی کی خصوصیات کا بیان ہے۔